© rasailojaraid.com

ساغر اقبالی

طنزومزاح

# زبان میری ہے بات ان کی

★ پیپلز پارٹی سے اتحاد نہیں صرف گپ شپ ہے۔ (قاضی حسین احمد)
گنا نہیں چوستے گڑ کھاتے ہیں

★ سیاست دان اور افسر فلمی ہیروئنوں کو ڈرا کر اپنی خواہشات پوری کرتے ہیں (ریشم)
نالے چور، نالے چتر

★ بیٹوں نے جائید اد ہتھیا کر ماں کو گھر سے نکال دیا (ایک خبر)
یہ مسلماں ہیں جنہیں دیکھ کے شرمائیں یہود

★ تعلیمی اداروں پر اپر پنجاب کا قبضہ ہے (شاہد انصاری)
رونے کی بجائے اہلیت پیدا کریں

★ جنوری ۱۹۹۷ء میں صدر کو چھے ہزار اسلامی قوانین پر مشتمل رپورٹ دی آج تک کوئی عمل نہیں ہوا (مفتی سرفراز نعیمی)
پاکستان کے تمام صدور کی یہی روایت رہی ہے۔

★ کس بات کی گولڈن جوبلی منا رہے ہیں۔ پچاس سال میں عوام کو کیا ملا (سکندر حیات کی بیٹی طاہرہ)
ڈاکہ زنا، اغواء، فحاشی، عریانی، مہنگائی، پریشانی، قتل وغارت گری، وڈیروں کے ظلم وستم، گولڈن جوبلی زندہ باد

★ لوگوں کی حالت دیکھ کر جی چاہتا ہے۔ زندہ دفن ہوجاؤں۔ (چیف جسٹس شیخ ریاض)
لوگوں کو اس حالت تک پہنچانے والوں کو زندہ دفن کیوں نہ کریں؟

★ (مظفر گڑھ (ایم پی اے باسط سلطان کے ولیمے میں پندرہ ہزار مہمان۔ نوع واقسام کے کھانے (ایک خبر)
چراغ تلے اندھیرا

★ جیالے پارٹی کا سرمایہ ہیں (ایک خبر)
ملک پر نحوست کا سایہ ہیں

★ ملک فوجی آمروں نے توڑا۔ (نصر اللہ)
ہاں! قرار داد پولینڈ ایک فوجی آمر نے پھاڑی تھی!

★ راولپنڈی کی شراب بنانے والی کمپنی "مری بریوری" میں ۹۵% حصص مسلمانوں کے ہیں۔ آمدنی سے زکواۃ کاٹی جاتی ہے (ایک خبر)
مسلمان اور شراب! شراب کی آمدنی سے زکواۃ! یہ ہے روشن خیال اور ترقی پسند مسلمان

★ کھلے چہرے والی عورت بے پردہ نہیں ہوتی (قاضی حسین احمد)
یعنی مین گیٹ کھلا رکھ کر کھڑکیاں بند کر دی جائیں


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

★ خواتین اسلام آباد کا منشیات کی سمگلنگ کے الزام میں پاکستانی بچوں اور عورتوں کو سزائے موت کے حکم کے خلاف احتجاج (ایک خبر)

کہ منشیات کی سمگلنگ نہ روکی جائے۔

★ پیپلز پارٹی کو میرے جیسا سیکرٹری جنرل پہلی دفعہ ملا (احمد مختار)

"چشمے بڑے دور"

★ ضمیر حسین کو کیوں مارا۔ شمشیر حیدر ہاشمی کو طلب کر لیا گیا۔ (ایک خبر)

کہ "شمشیر" نے "ضمیر" کو کیوں کچلا

★ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ بے ہودہ نظام کی محافظ ہیں (فضل الرحمن)

آپ ہی تو اس بے ہودہ نظام کو پروان چڑھانے والے ہیں

★ نصر اللہ کے چپ نکل گئے۔ فضل الرحمن بے نظیر کا تل دیکھتا رہا۔ (اقبال احمد خان)

تیرے لونگ دا پیا لشکارا تے ہالیاں نے ہل ڈک لئے

★ گولڈن جوبلی منانے کے لئے ایک کروڑ سے ایئر کنڈیشنڈ ٹرین کی تیاری (ایک خبر)

اس ٹرین میں غریب سفر کریں گے؟

★ خواتین کو ٹی وی پر کام سے روکنے کی سفارش غیر اسلامی ہے (عاصمہ جہانگیر)

خواتین کا ٹی وی کے عملے کے ساتھ رنگ رلیاں منانا تو عین "اسلامی" ہے

★ جیل میں محفوظ ہوں۔ باہر نہیں جانا چاہتا۔ (آصف زرداری)

انجام نظر آتا ہے۔

★ ضیاء الحق کا فلسفہ تھا۔ سیاست کرو اور مال بھی بناؤ (اعتزاز احسن)

اور بھٹو کا فلسفہ تھا۔ مال پہ جیو اور تھوڑی تھوڑی پیو!

★ مسرت شاہین ہمارے اوپر خدا کا عذاب تھا۔ (فضل الرحمن)

بے نظیر "رحمت کا سحاب" تھا؟

★ بھٹو کے نقش قدم پر چلیں گے (بے نظیر)

تو انجام پھانسی ہی ہوگا۔

### رحیم صدیقی سے

جو شرم نہ کرتے تری مردود خلائق
تو جس سے کرے شرم وہ عثمان غنی ہے
جس ہاتھ کو عثمان کا خود ہاتھ کہا ہے
اس دستِ مقدس کی شہادت تو علی ہے

### پروفیسر اکرام تائب

"چند کلیاں نشاط کی چن کر"
"مدتوں محو یاس رہتا ہوں"
جانے کب کیس وہ بنا ڈالیں
کوتوالی کے پاس رہتا ہوں


© rasailojaraid.com